13نومبر2018ء

جعلی فون کالز پر ذاتی تفصیلات فراہم کرنے سے گریز کریں۔اسٹیٹ بینک کی ہدایت

اسٹیٹ بینک کی جانب سے عوام کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ خود کو اسٹیٹ بینک سے وابستہ اہلکار ظاہر کرنے والے افراد کی جعلی کالز پر اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر، بینک اکاؤنٹ نمبر، پاس ورڈ وغیرہ جیسی ذاتی معلومات فراہم نہ کریں۔ عوام کو یہ ہدایات کی جاتی ہے کہ وہ ایسے واقعات کے بارے میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کو آگاہ کریں اور ذاتی معلومات کے افشا ہونے کی صورت میں پہنچنے والے نقصان کے سلسلے میں فوری طور پر اپنے بینکوں سے رابطہ کریں۔

یہ بات نوٹ کی گئی ہے کہ ان جعلسازوں کی جانب سے عوام کو بار بار فون کالز موصول ہو رہی ہیں جو خود کو اسٹیٹ بینک یا دیگر ایجنسیوں کا اہلکار ظاہر کر کے کمرشل بینکوں میں کھولے گئے ڈپازٹ اکاؤنٹ کے متعلق ذاتی معلومات حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور ساتھ ہی یہ دھمکی بھی دیتے ہیں کہ کوائف کی تصدیق نہ ہونے کی صورت میں ان کے کھاتوں کو بند کر دیا منجمد کر دیا جائے گا۔ قبل ازیں اسٹیٹ بینک نے عوام کو مطلع کرنے کے لیے 7 اگست 2018ء کو ایک پریس ریلیز جاری کی تھی۔

ایک بار پھر یہ بات دہرائی جاتی ہے کہ اسٹیٹ بینک / بینک / مائیکروفنانس بینک کھاتے داروں سے ٹیلی فون کالز پر پن نمبر، سی این آئی سی، ایک مرتبہ کا پاس ورڈ (OTP)، اکاؤنٹ نمبر وغیرہ جیسی ذاتی معلومات کا تقاضا نہیں کرتے۔ عوام کو ایک بار پھر ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ ایسی فون کالز پر کسی بھی شخص کو اپنے کوائف / ذاتی معلومات فراہم نہ کریں اور ایسی کالوں کی تفصیلات کے بارے میں اسٹیٹ بینک کی ہیلپ لائن

021-111-727-273 پر رپورٹ کریں یا ای میل کریں cpd.helpdesk@sbp.org.pk، اس ای میل ایڈریس پر۔

****